3 مارچ 2020

محترم والدین اور سرپرست حضرات،

ہمارے طلبہ اور عملہ کی صحت اور حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے اور ہم آپ کو مقامی، ریاستی اور وفاقی صحت کے حکام کی کرونا وائرس مرض 2019 (COVID-19) سے وابستہ صحت کے خطرات کے حوالے سے حالیہ ترین تجاویز سے اپ ڈیٹ کرنے کیلئے یہ لکھ رہے ہیں۔ شکاگو محکمہ صحت اور مراکز برائے امراض پر کنٹرول اور روک تھام (CDC) کے ساتھ شراکت داری میں، ضلع یہ یقینی بنانے کیلئے کام کر رہا ہے کہ ہمارے سکولز طلبہ اور عملہ کیلئے محفوظ ہوں۔

ہم نے متاثرہ ممالک میں جو دیکھا ہے اس کے لحاظ سے، COVID-19 نظام تنفس کی متوسط سے سنگین بیماری کا باعث بن سکتا ہے اور بچوں کے بیمار ہونے کا امکان کم معلوم ہوتا ہے۔ یہ وائرس انسانی رابطے کے ذریعے منتقل ہوتا معلوم ہوتا ہے اور صحت کے حکام کو شکاگو اور امریکہ میں مزید کیسز پیش آنے کی توقع ہے۔ حفظان صحت کے بنیادی اصولوں پر عمل کرنا جیسے کہ اپنے ہاتھوں کو باقاعدگی سے صابن سے دھونا وائرس کی منتقلی کو روکنے کا بہترین طریقہ ہے۔

ہمارے طلبہ، عملہ اور شکاگو کے ہمارے ساتھی باشندوں کو محفوظ رکھنے کیلئے، ضلع نے شکاگو کے محکمہ صحت عامہ (Chicago Department of Public Health, CDPH) سے شراکت داری کر کے مندرجہ ذیل رہنمائی جاری کی ہے۔

اگر آپ بیمار ہیں تو گھر پر رہیں۔

- CPS کے جو عملہ یا طلبہ COVID-19 کے دور رس کمیونٹی منتقلی (سطح 2 یا 3) والے مقام سے سفر کر کے آئے ہوں انہیں اپنی واپسی کی تاریخ کے بعد 14 دن تک گھر رہنا چاہیئے۔
  - طلبہ کی غیر حاضریاں عذر کے طور پر شمار ہوں گی۔
  - مزید معلومات کیلئے براہ کرم مراکز برائے امراض پر کنٹرول اور روک تھام کی جانب سے یہ حقائق نامہ ملاحظہ کریں: "بیمار ہونے کی صورت میں آپ کو کیا کرنا چاہیئے" [ہسپانوی] [آسان چینی]۔
- سبھی بیمار طلبہ اور ملازمین (جنہیں تنفسی بیماری کی علامات لاحق ہوں جیسے کہ بخار، کھانسی یا سانس پھولنا) انہیں اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ سے رجوع کرنا چاہیئے اور جب تک علامات ختم نہ ہو جائیں سکول یا کام سے چھٹی لے کر گھر پر رہنا چاہیئے۔
  - طلبہ کی غیر حاضریاں عذر کے طور پر شمار ہوں گی۔
- بیمار طلبہ کو فوراً گھر بھیج دیا جائے گا۔ ہم پک اپ شیڈول کرنے کیلئے آپ سے رابطہ کریں گے۔
  - براہ کرم یقینی بنا لیں کہ آپ کے بچے کے سکول کے پاس آپ سے رابطہ کرنے کی سب سے اپ ٹو ڈیٹ معلومات ہیں۔
- جن بچوں کو دیرینہ امراض لاحق ہیں (جیسے کہ دمہ) ان کے والدین/سرپرستوں کو نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر یقینی بنانا چاہیئے کہ ان کے پاس کوئی بھی ضروری ریسکیو اور کنٹرولر ادویات فوری دسترس میں ہیں نیز بیماریوں کا اچھی طرح نظم کرنے اور انہیں کنٹرول میں رکھنے کیلئے خصوصی دیکھ بھال کرنی چاہیئے۔
- اگر آپ کو کسی بنیادی طبی نگہداشت کے ماخذ کی شناخت میں مدد درکار ہو تو براہ کرم 773-553-KIDS پر کال کریں۔

حفظان صحت کے اچھے اصولوں پر عمل کریں۔

- کم از کم 20 سیکنڈ اپنے ہاتھ صابن اور پانی سے دھونا بہترین ہے، بالخصوص تب جو وہ واضح طور پر گندے ہوں۔ الکحل پر مبنی دست صفا جس میں کم از کم 60% الکحل موجود ہو ایک موزوں متبادل ہے۔
- بغیر دھلے ہوئے ہاتھوں سے اپنی آنکھیں، ناک اور منہ کو چھونے سے گریز کریں۔
- بیمار لوگوں کے ساتھ قریبی رابطے سے گریز کریں۔
- اپنی کھانسی یا چھینک کو ٹشو سے ڈھانپیں، پھر ٹشو کو کوڑے میں پھینک دیں اور اپنے ہاتھ دھو لیں۔

صحت کے مقامی حکام کے مطابق، فی الوقت کسی خصوصی دافع چھوت پروڈکٹ یا طریقے کی تجویز نہیں کی گئی ہے۔ ضلع نے اضافی صفائی کی صافیوں اور سینیٹائزرز کے آرڈر کیے ہیں اور جتنی جلدی ممکن ہو سکولز میں انہیں فراہم کریں گے نیز معمول کی صفائی اور یہ یقینی بنانا بھی جاری رہے گا کہ سکولز کو صفائی کی رسد کا اسٹاک ملتا رہے۔

COVID-19 کی ٹیسٹنگ وسیع پیمانے پر دستیاب ہو جانے پر، ممکن ہے کہ ہمیں آنے والے دنوں اور ہفتوں میں نئے کیسز نظر آنا شروع ہو جائیں۔ ریاستی اور وفاقی حکام کے ہمراہ CPDH نئی رہنمائی جاری کر سکتی ہے نیز ہم آپ کو تبدیلیوں اور ہمارے سکولز پر اس کے اثرات کے حوالے سے اپ ڈیٹ کرتے رہیں گے۔ اس وقت، ضلع مقامی صحت کے حکام کی تجاویز کی بنیاد پر سکولز بند کرنے پر غور نہیں کر رہا ہے۔

آخری بات، **COVID-19** نسل، قومیت یا جغرافیائی سرحدوں کے بیچ امتیاز نہیں کرتا ہے۔ متاثرہ لوگوں کے خلاف امتیازی سلوک برتنا یا ان پر کلنک لگانا علامات کی ابتدائی رپورٹنگ کی حوصلہ شکنی کرتا ہے اور کمیونٹی میں مرض کے پھیلنے کو دوام بخشتا ہے۔ اگر آپ کا ماننا ہے کہ آپ کے بچہ امتیازی سلوک کا نشانہ بنا ہے تو براہ کرم 773-535-4400 پر کال کر کے یا osp@cps.edu پر ای میل کر کے دفتر برائے طلبا کی حفاظت (Office of Student Protections) اور ٹائٹل IX (Title IX) (OSP) سے رابطہ کریں

سب سے قابل اعتبار معلومات کیلئے براہ کرم www.chicago.gov/coronavirus یا www.cdc.gov/coronavirus ملاحظہ کریں۔ اگر آپ کا کوئی سوال یا کوئی تشویش ہو تو براہ کرم CDPH کرونا وائرس کی ہاٹ لائن سے 312-746-4835 پر رابطہ کریں یا coronavirus@chicago.gov پر ای میل کریں آپ CPS دفتر برائے طلبا کی صحت اور عافیت ( CPS Office of Student Health & Wellness) سے oshw@cps.edu پر یا ہیلدی CPS ہاٹ لائن (5437) 773-553-KIDS پر کال کر کے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

مخلص،

| | |
|---|---|
| کینتھ فاکس، MD | ایلسن ارواڈی، MD |
| چیف ہیلتھ آفیسر | کمشنر |
| شکاگو پبلک سکولز | شکاگو کا محکمہ صحت عامہ |